بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

## ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کے سالانہ اِجلاس عام منعقدہ مورخہ 30-09-2023 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کا سالانہ اِجلاس عام آج مورخہ 30-09-2023 بروز ہفتہ بوقت 11:00 بجے دن زیرِ صدارت جناب میاں راشد اقبال صاحب، صدر ایوان بمقام دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی۔ اراکین جن کے اسمائے گرامی رجسٹر حاضری میں درج ہیں نے اجلاس میں شمولیت کی:-

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| 1. | آغاز اجلاس۔ | اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ تلاوت جناب محمد رمضان بھٹہ صاحب نے فرمائی۔ |
| 2. | توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان مورخہ 30-09-2022 | گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان منعقدہ مورخہ 30-09-2022 کی کاروائی جو کہ ایوان کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی گئی تھی کی با اتفاق رائے توثیق کی گئی۔ |
| 3. | سال 2023-24 کیلئے ایوان کی مجلس عاملہ اور صدور صاحبان کے انتخاب کی بابت التوا کا معاملہ | سیکرٹری جنرل ایوان محمد شفیق صاحب نے ایوان کو بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشنز کے آفس آرڈر نمبر TO-2023/(01)12 بتاریخ 08 ستمبر 2023 کے مطابق معزز اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر رٹ پٹیشن نمبری 2226/2023 کے تحت ریگولیٹر ٹریڈ آرگنائزیشنز، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشنز کے اختیارات کو معطل کر دیا گیا ہے، جس کے مطابق اب کسی بھی ٹریڈ باڈی کیلئے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 اور ٹریڈ آرگنائزیشنز رولز 2013 کے مطابق الیکشن کرانا ممکن نہیں رہا۔ لہذا، ملتان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن کمیشن نے ریگولیٹر ٹریڈ آرگنائزیشنز، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشنز، وزارت تجارت، حکومتِ پاکستان کی جانب سے کسی حکم یا واضح ہدایات تک ملتان چیمبر کے سالانہ انتخابات کو معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس طرح موجودہ مجلسِ عاملہ اور صدور صاحبان سال 2023-24 کیلئے اپنے فرائض سرانجام دیتے رہیں گے۔ |

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| 4. | مجلس عاملہ کی کارکردگی رپورٹ بابت سال 2022-23 ازطرف جناب میاں راشد اقبال صاحب صدر ایوان تجارت وصنعت، ملتان۔ | سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے جناب میاں راشد اقبال صاحب سے گزارش کی کہ وہ اپنی سالانہ کارکردگی رپورٹ ایوان میں پیش کریں۔ جناب میاں راشد اقبال صاحب نے مجلس عاملہ کی کارگزاری کی سالانہ منسلکہ رپورٹ پڑھ کرسنائی جس کی نقول اراکین میں تقسیم کی گئیں۔ ایوان نے جناب میاں راشد اقبال صاحب، جناب ندیم احمد شیخ صاحب اور شیخ محمد عاصم سعید صاحب کی دوران سال کارکردگی کو سراہا کہ انہوں نے اپنا کردار بطور صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر ایوان پوری ذمہ داری سے نبھایا۔ ان کی قیادت میں دوران سال ملکی وغیر ملکی شخصیات ایوان میں تشریف لائیں جن کے ساتھ بالمشافہ ملاقاتیں ہوئیں اور تجارت وصنعت سے وابستہ مسائل زیرِ بحث لائے گئے اور وہ ان کے حل کیلئے سرگرم عمل رہے۔انہوں نے چیدہ چیدہ منصوبوں کا تفصیلی ذکر بھی کیا۔جناب میاں راشد اقبال صاحب نے خطاب کرتے ہوئے کہا گزشتہ سال وطنِ عزیز میں غیر مستحکم سیاسی صورتحال کے باعث پاکستان میں کاروباری حالات ابتری کا شکار رہےاور ملکی برآمدات میں نمایاں کمی واقع ہوئی۔ ڈالر کی قیمت میں ہوشربا اضافہ، بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافہ، مہنگائی کی شرح میں اضافہ اور خاص طور پر غیر مستحکم سیاسی صورتحال کی وجہ سے کاروباری و تاجر برادری شدید متاثر ہوئی۔ کاروبار اور صنعتوں کی تیزی سے بندش کی وجہ سے بے روزگاری میں شدید اضافہ ہوا ہے اور ملکی معاشی صورتحال بے حد تشویشناک ہے۔ ہماری ٹیم کو بھی بہت سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا، تاہم میں نے اور میری ٹیم نے جس قدر محنت اور ایمانداری سے ان چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اور خطہ کی صنعتی، معاشی اور زرعی ترقی کیلئے کوشش کی اس کے منصف اس ایوان کے معزز ممبران ہیں۔<br><br>انہوں نے اربابِ اختیار سے مطالبہ کیا کہ ایز آف ڈوئنگ بزنس کے لیے ون ونڈو آپریشن کے قیام کا جلد آغاز کیا جائے، پالیسی سازی میں اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کوشامل کیا جائے اور خاص طور پر ٹیکس قوانین میں تبدیلی، ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار میں اضافہ اور کاروباری برادری کے لیے آسان ٹیکسیشن کیلئے طریقہ کار میں بہتری لائی جائے۔ مزید برآں جنوبی پنجاب کو بہترین صوبہ بنانے کے لیے انفراسٹرکچر، اکنامک اور انڈسٹریل ڈویلپمنٹ پر بھی خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔<br><br>آخر میں انہوں نے کہا کہ میں مقامی پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے تمام دوستوں کا شکرگزار ہوں جنہوں نے ہماری کاوشوں کو اپنے اخبارات میں نمایاں جگہ دی اور ہمارے پیغام کو ہر خاص وعام تک پہنچانے میں ہمارے معاون ثابت ہوئے۔ |

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | انہوں اس بات کا اعادہ کیا کہ ہماری ٹیم خطہء کی معاشی وسماجی ترقی کے ساتھ ساتھ کاروباری حالات میں بہتری کیلئے نئے سال میں بھی بھرپور کوشش کرے گی اور اس ضمن میں باہمی مشاورت اور سینئرز کی رہنمائی حاصل کر کے آگے بڑھیں گے۔ ہم پوری کوشش کریں گے کہ اس خطہء کی کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بھی سرگرم عمل ہوں اور ارباب اختیار تک کاروباری برادری کی آواز کو پہنچایا جائے اور ان کے مسائل کو حل کرایا جائے۔<br><br>آخر میں انہوں نے کہا کہ میں اپنی پوری ٹیم، مجلس عاملہ کے اراکین کے ساتھ ساتھ جناب ندیم احمد شیخ صاحب سینئر نائب صدر اور جناب محمد عاصم سعید صاحب نائب صدر، جناب خواجہ محمد حسین سابق صدر، جناب محمد سہیل طفیل صاحب سابق سینئر نائب صدر اور جناب نوید اقبال چغتائی سابق صدر کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا جن کا دوران سال مجھے بھرپور تعاون حاصل رہا۔ انہوں نے اپنے فرائض منصبی نہائیت احسن طریقے سے ادا کیئے اور میرے کام کو آسان بنایا۔ میں اپنے سینئر ممبران، سابق صدور، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی اور ایوان کے دیگر تمام اراکین کا بھی بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے میری کاوشوں کو کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ |
| .5 | آڈٹ شدہ گوشوارہ جات حساب کتاب بابت سال 2022-23 کی منظوری۔ | سیکرٹری جنرل محمد شفیق صاحب نے جنرل باڈی کے اراکین کو بتایا کہ حساب کتاب ایوان کا آڈٹ شدہ گوشوارہ جات وآڈٹ رپورٹ بابت سال 2022-23 جس کی منظوری مجلس عاملہ کے اراکین نے کر دی ہے اور اسے ایوان کی ویب سائٹ پر تمام اراکین کے ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کیلئے اپ لوڈ کر دیا گیا ہے اور اس کی ایک کاپی ایوان کے نوٹس بورڈ پر بھی آویزاں کی جا چکی ہے اس کی منظوری دی جائے۔ جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ شدہ گوشوارہ بابت سال 2022-23 کی منظوری دی۔ |
| .6 | بابت سال 2023-24 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کی سالانہ آڈٹ فیس مقرر کرنے پر غور وخوض۔ | جنرل باڈی ایوان کے اراکین کو بتایا گیا کہ بابت سال 2023-24 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کیلئے ایک ہی تحریری درخواست میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی طرف سے موصول ہوئی ہے لہٰذا اس کی منظوری دی جائے جس پر جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بابت سال 2023-24 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کی منظوری دی۔ |

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| 7. | اورکوئی معاملہ بہ اجازت صاحب صدر۔ | سیکرٹری جنرل ایون محمد شفیق صاحب نے جنرل باڈی کے اراکین کو بتایا کہ ہرسال ایوان کے نومنتخب عہدیداران اپنی طرف سے ایوان کے نارمل فنڈ میں Contribution جمع کراتے ہیں۔ اس سال چونکہ منتخب اراکین اور عہدیداران کومزید ایک سال کی ذمہ داری ملی ہے، لہٰذا اس سال بھی ایوان کے موجودہ عہدیداران صدر جناب میاں راشد اقبال صاحب نے مبلغ 4 لاکھ روپے، سینئر نائب صدر جناب ندیم احمد شیخ صاحب نے مبلغ 3 لاکھ روپے اور نائب صدر جناب شیخ محمد عاصم سعید صاحب نے مبلغ 2 لاکھ روپے ایوان کے نارمل فنڈ میں جمع کرادیئے ہیں۔ جنرل باڈی کے اراکین نے نومنتخب صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کے اس اقدام کو سراہا۔<br><br>مزید برآں سیکریٹری جنرل نے اراکین کو بتایا کہ ایوان کی طرف سے فراہم کردہ سروسز کی فیسوں میں اضافہ کی تجویز کومجلسِ عاملہ نے باتفاقِ رائے منظور کرلیا ہے۔ جس کی تفصّل الگ سے اراکین کو فراہم کردی گئی ہے، لہٰذا اس کی منظوری دی جائے۔ جس پر جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر اضافہ کی منظوری دی۔ |

اب کیونکہ اورکوئی معاملہ برائے غور نہیں تھا لہٰذا سالانہ اجلاس عام کی کاروائی صاحب صدر کے شکریہ کے ساتھ اختتام پزیر ہوئی۔

مورخہ 30 ستمبر 2023ء

صدر